# MEDICAID چلڈرنز NYS

# گھر اور کمیونٹی پر مبنی خدمات (HCBS)

**بچوں/نوجوانوں اور اہل خانہ کے لیے معلومات**



آفس آف مینٹل ہیلتھ

ڈپارٹمنٹ آف ہیلتھ

آفس آف الکحلزم اینڈ سبسٹینس ابیوز سروسز (شراب نوشی اور منشیات کے بےجا استعمال سے متعلق خدمات کا دفتر)

دفتر برائے نشوونما سے معذور افراد

آفس آف چلڈرن اینڈ فیملی سروسز

NEW YORK STATE

## گھر اور کمیونٹی پر مبنی خدمات (Home and Community-Based Services, HCBS) بچوں/نوجوانوں اور خاندانوں/نگہداشت کرنے والوں کی مدد کیسے کرتی ہیں؟

**بچے کی HCBS:**

- وہاں فراہم کی جاتی ہیں جہاں بچے/نوجوان اور اہل خانہ زیادہ آرام سے رہتے ہیں — گھر میں یا کمیونٹی میں
- بچوں/نوجوانوں کو ان کے اہداف اور حصولیابیوں کے لیے کام کرنے میں تعاون فراہم کرتی ہے
- بچوں/نوجوانوں کو گھر پر، اسکول میں، اور دیگر ماحولیات میں کامیاب ہونے میں مدد کرتی ہے
- ہر ایک بچے/نوجوان کی صحت، دماغی صحت، منشیات کی عادت چھڑوانے اور/ یا نشوونما کی ضروریات کی تکمیل کے لیے ذاتی، لچک پذیر خدمات کی پیشکش کرتی ہے



## بچے کے لیے HCBS کون حاصل کرسکتا ہے؟

بچے کی HCBS ایسے بچے اور نوجوان کے لیے ہے :

1) جنہیں گھر یا/ کمیونٹی میں اضافی نگہداشت کی ضرورت ہے

2) جو ہسپتال یا طویل مدتی نگہداشت میں جانے سے گریز کرتے ہوں

3) جو HCBS کے لیے اہل پائے گئے ہوں*

4) جو Medicaid میں مندرج ہوں یا مندرج ہونے کے اہل ہوں۔ نوٹ: HCBS کے لیے اہل ہونے پر کچھ بچے Medicaid کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔



## کوئی بھی فرد بچے کی HCBS تک کیسے رسائی کر سکتا ہے؟

بچے/نوجوان اور ان کے خاندان/ نگہداشت کرنے والوں کو بچہ/ نوعمر فرد کے لیے بچے کی HCBS حاصل کرنے کے طریقہ کے بارے میں جاننے کے لیے **ہیلتھ ہوم کیئرمینیجر** ** سے بات کرنی چاہئے، یا چلڈرن اینڈ یوتھ ایوالیویشن سروس سے 2937-333-833-1 پر کال کرسکتے ہیں۔

## **ہیلتھ ہوم کیئر مینیجمنٹ کیا ہے؟

ہیلتھ ہوم کوئی جگہ نہیں ہے، یہ ایک فرد ہے جو آپ کو اپنے اور اپنے خاندان کے لیےموزوں خدمات تلاش کرنے میں مدد کر سکتا ہے۔ ہیلتھ ہوم کیئر مینیجرز بچے/ نوجوان اور ان کے خاندان اور خدمت فراہم کنندگان کے ساتھ مل کر ایک ٹیم کی طرح کام کرتے ہیں تاکہ انہیں صحت مند رہنے کے لیے ضروری نگہداشت اور خدمات حاصل ہو۔

HCBS کے لیے اہل سبھی بچے ہیلتھ ہوم کیئر مینیجمنٹ پروگرام کے ذریعہ نگہداشت کے نظم و نسق کی خدمات حاصل کر سکتے ہیں۔ جو بچے/ نو عمر افراد مزید معلومات اور/ یا مندرج ہونے کے لیے ہیلتھ ہوم کیئر مینیجمنٹ پروگرام میں مندرج نہیں ہیں وہ 518-473-5569 پر کال کرسکتے ہیں یا hhsc@health.ny.gov پر ای میل کر سکتے ہیں۔

*HCBS میں مندرج ہونے کے لیے چلڈرنز c1915 کے استثناء میں شرکت کرنا ضروری ہے۔*

**بچوں کی گھر اور کمیونٹی پر مبنی خدمات کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، اپنے نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ، ہیلتھ ہوم کیئر مینیجر، Medicaid کے زیر انتظام نگہداشت کے منصوبہ، کاؤنٹی SPOA، یا دوسرے چلڈرن اینڈ یوتھ ایوالیویشن سروس سے رابطہ کریں۔**

# بچے کی گھر اور کمیونٹی پر مبنی خدمات



### کمیونٹی کی انجام دہی

سماجی اور روزمرہ کی زندگی گزارنے کی اہلیتیں اور صحت سے متعلق کاموں کو سیکھنے میں مدد حاصل کریں

- مثال کے طور پر: کھانا پکانا سیکھیں اور صحت بخش کھانے کھائیں؛ معاشرتی سرگرمیوں میں حصہ لیں؛ مؤثر طریقہ سے بات چیت کریں؛ خودمختار بنیں، اور باخبر انتخاب کرنا سیکھیں

### یومیہ انجام دہی

ایجنسی کی سیٹنگ میں سماجی اور روزمرہ کی زندگی گزارنے کی اہلیتوں کو سیکھنے میں مدد حاصل کریں

- مثال کے طور پر: تعلقات استوار کریں؛ معاشرتی سرگرمیوں میں حصہ لیں؛ خودمختاری حاصل کریں، اور باخبر انتخاب کریں

### نگہداشت کرنے والے/خاندان کی وکالت اور معاونت کی خدمات

- نگہداشت کرنے والے اور اہل خانہ نشونما، طبی، دماغی صحت، اور/ یا منشیات کی عادت چھڑوانے کی ضروریات والے بچوں کے لیے باخبر اور اختیار یافتہ انتخاب کرنے کے واسطے تربیت اور تعلیم حاصل کر سکتے ہیں
- کمیونٹی میں بچوں اور نوجوانوں کی خودمختاری کو برقرار رکھیں اور اسے مستحکم کریں

- ایسے دستیاب وسائل اور خدمات تلاش کریں جو بچوں/ نوجوانوں اور اہل خانہ کی ضروریات کی تکمیل کرتے ہوں

### پیشے سے پہلے فراہم کی جانے والی خدمات

14 سال یا اس سے زیادہ عمر کے نوجوان بامعاوضہ کام، یا اپنی پسند کے رضاکارانہ کام کے لیے تیار ہونے کی اہلیتوں میں مدد حاصل کر سکتے ہیں

- صلاحیتوں میں درج ذیل شامل ہو سکتی ہیں: سپروائزرز، ساتھی کارکنان، اور کسٹمرز کے ساتھ بات چیت کرنا؛ کام کی جگہ کے مسئلہ کو حل کرنا؛ کیریئر کی منصوبہ بندی کرنا؛ اور کام کی جگہ کی حفاظت کو یقینی بنانا

### اعانت یافتہ ملازمت

- 14 سال یا اسے زیادہ عمر کے نوجوان جو ملازمت کے لیے تیار ہیں انہیں مستحکم ملازمت میں رہنے میں مدد مل سکتی ہے جس میں اجرتیں ملتی ہیں
- ملازمت حاصل کرتے اور کام کرتے وقت مسلسل تعاون حاصل کریں

خدمات میں شامل ہو سکتی ہیں، لیکن یہ انہیں تک محدود نہیں ہیں:

- آپ کی اہلیتوں اور مفادات کے مماثل ملازمت تلاش کرنے؛ ملازمت سے متعلق کوچنگ؛ فوائد میں تعاون؛ اپنے کیریئر کو فروغ دینے میں مدد؛ اور کام کی جگہ میں امدادی خدمات میں مدد

### وقفہ آرام کی خدمات (منصوبہ بند عارضی وقفہ آرام اور بحرانی حالات میں وقفہ آرام)

- گھر، کمیونٹی، یا کسی دیگر قابل اجازت مقام میں فراہم کی جا سکتی ہے
- منصوبہ بند عارضی وقفہ آرام کی خدمات اہل خانہ/ نگہداشت کرنے والوں کے لیے مختصر مدتی راحت فراہم کرتی ہیں اور بچے کی دماغی صحت، منشیات کی عادت چھڑوانے اور/ یا نگہداشت صحت کے اہداف کو تعاون کرتی ہے
- بحرانی حالات میں وقفہ آرام دماغی صحت، منشیات کی عادت چھڑوانے اور/ یا نگہداشت صحت کے بحران کے واقعات سے ایک مختصر مدتی راحت ہے جس کے تعاون کے بغیر

### تسکینی نگہداشت (پالیئیٹو کیئر)

دائمی یا جان لیوا امراض سے متاثر بچے اور نوجوانوں کو یہ خدمات حاصل ہو سکتی ہیں:



- جسمانی علامات کو بہتر کرنے اور اس میں راحت کے لیے مساج تھیراپی
- بہتر طور پر سمجھنے اور جذبات کا اظہار کرنے میں مدد کے لیے فن، موسیقی، اور پلے تھیراپی
- درد سے آرام حاصل کرنے اور/ یا اس میں مبتلا ہونے کو کنٹرول کرنے کے لیے درد اور علامات کا نظم و نسق
- بچوں/نوجوانوں اور خاندانوں کو دائمی یا جان لیوا بیماریوں سے متعلق صدمے سے نمٹنے کے لیے مشاورت اور معاونت کی خدمات

### ماحولیاتی تبدیلیاں

بچہ یا نوجوان کی صحت کی ضروریات میں مدد کرنے کے لیے ان کے گھر میں تبدیلیاں



### گاڑی میں تبدیلیاں

بچہ یا نوجوان کی صحت کی ضروریات میں مدد کرنے کے لیے ان کی گاڑی میں تبدیلیاں

### مطابقتی اورمددگار ٹیکنالوجی

ٹیکنالوجی سے تعلق رکھنے والی امداد یا بچے/ نوجوان کی صحت، بہبود اور تحفظ میں تعاون کرنے کے لیے ضروری دوسرے آلات

### غیر طبی نقل و حمل

ایسی خدمات یا سرگرمیوں تک نقل و حمل جو مقاصد میں تعاون کرتی ہو